प्रो:- शेख मोहम्मद ज़ाहेद मोहम्मद नासेर
मो नं:- 9665824407
चॉईस मेडिकल & जनरल स्टोर्स
چوائس میڈیکل اینڈجنرل اسٹورس
मानसी मॉल जवळ, बलभीम चौक बीड مانسی مال کے قریب، بلبھیم چوک بیڑ

SINCE: 2001 WITH POSITIVE VALUES
TAMIR -E- SIASAT
تعمیر سیاست

QUAZI MAKHDOOM (Managing Director)
9270574444
8999387277
tamirexport@gmail.com
حلال پروڈکٹس
Tameer Exports
Only for HALAL Products
Office: Bashir Gunj, Beed.431122 (MS)
Vegetables, Fruits, Rice, Sugar, Pulses
www.tameerexports.com
Member: IES, APEDA, MSME, FSSAI

Editor in chief :Quazi Makhdoom 9270574444
Tameerurdu@gmail.com
نائب مدیر: قاضی مجیب الرحمن
ایڈیٹران چیف: قاضی مخدوم
RNI.NO.MAHURD/2017/72712 / Vol:08 / Issue : 242 Thursday 11th Sep 2025 / Rs.2 / Pages: 4 / www.dailytameer.com / جلد نمبر ۸، شمارہ نمبر ۲۴۲ مورخہ ۱۱ ستمبر ۲۰۲۵ء، بروز جمعرات، ۱۸ ربیع الاول ۱۴۴۶ھ، قیمت ۲ روپے، صفحات: ۴

# نیپال: فوج کے ہاتھوں میں کمان، حالات ہنوز کشیدہ

نیپال: (ایجنسی) افراتفری اور انارکی کے شکار ملک نیپال میں فوج نے کمان سنبھال لی ہے جسکے بعد وہاں تشدد کے واقعات میں واضح کمی آئی ہے لیکن اب تک لوٹ مار کی وارداتیں رپورٹ ہورہی ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسیوں کے مطابق نیپال میں سیکوریٹی اہلکاروں سے جھڑپوں میں ۳۰ افراد ہلاک اور ۵۰۰ سے زائد زخمی ہوئے ہیں۔ دوسری جانب لالیت پور کی جیل سے تمام ۱۵۰۰ قیدی فرار ہوگئے تھے لیکن انہیں شام تک پکڑلیا گیا اور واپس جیل پہنچادیا گیا ہے۔ کھٹمنڈو ایئرپورٹ تمام پروازوں کے لئے تاحال بند ہے تاہم بھیرا وا ایئرپورٹ کو آگ لگادی گئی ہے۔ واضح رہے کہ نیپال میں نوجوانوں کی ''جین زی'' نسل کرپشن کے خلاف اس وقت سڑکوں پر نکل آئی جب حکومت نے سوشل میڈیا سائٹس سمیت ۲۶ ویب سائٹس پر پابندی عائد کردی تھی۔ اس کے خلاف احتجاج اتنا شدید اور پرتشدد تھا کہ محض دو دن میں نیپال قانون کی حکمرانی والے ملک سے لاقانونیت اور انارکی کا شکار ہوگیا۔



نیپال کے دارالحکومت کھٹمنڈو اور دیگر شہروں میں کرفیو کے باوجود صدر رام چندر پوڈیل اور وزیر اعظم کے پی شرما اولی کی رہائش گاہ کو نذرِ آتش کر دیا گیا تھا۔ وزیر اعظم اولی کو فوج نے خصوصی ہیلی کوپٹر کے ذریعے پی ایم او سے نکالا کیوں کہ وہاں تک مظاہرین پہنچ گئے تھے۔ یہی حال صدر پوڈیل کا بھی ہوا۔ دونوں کو اسی حال میں فرار ہونا پڑا کیوں کہ مظاہرین اتنے مشتعل تھے کہ انہوں نے سابق وزیر اعظم کی اہلیہ کو زندہ جلا دیا تھا۔ نیپال کے سابق وزرائے اعظم پشپ کمل دہل عرف پراچندا، شیر بہادر دیوبا اور وزیر توانائی دیپک کھڑکا سمیت متعدد سیاسی لیڈروں کے گھروں کو بھی مظاہرین نے نقصان پہنچایا اور ان پر حملہ کر دیا۔ فوج اور سیکوریٹی فورسیز کے سڑکوں پر آنے کے بعد دارالحکومت کھٹمنڈو اور دیگر مقامات پر حالات قابو میں نظر آئے۔



حالات میں بہتری کو دیکھتے ہوئے نیپال کی سول ایوی ایشن اتھارٹی نے ایک بیان میں کہا کہ ایئرپورٹ کا آپریشن دوبارہ شروع کرنے کا فیصلہ ایوی ایشن سیفٹی مینجمنٹ کمیٹی کے اجلاس کے فیصلے کے مطابق کیا جائے گا۔ اس سے قبل فوج نے بدھ کی صبح ایک خط جاری کیا، جس میں شہریوں سے امن برقرار رکھنے کی اپیل کی گئی اور کہا گیا کہ چونکہ بہت سے انتشار پسند عناصر تحریک کے نام پر نجی اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچا رہے ہیں، اس لیے امن وسلامتی کو برقرار رکھنے کے لیے ملک بھر میں کرفیو نافذ کر دیا گیا ہے۔ فوج نے انتشار پھیلانے والے عناصر کی گرفتاری بھی شروع کر دی ہے۔ نیپال میں جین زی احتجاج کی وجہ سے حکومت ختم ہوگئی ہے اسی لئے وہاں عبوری حکومت قائم کی جارہی ہے۔ اس کے لئے کل تک بالین شاہ کا نام سب سے آگے تھا لیکن بدھ کو جین زی کے نمائندوں، فوج اور دیگر اسٹیک ہولڈرس کے درمیان ہونے والی زوم میٹنگ میں ملک نیپال کی سابق چیف جسٹس سوشیلا کرکی کا نام طے کرلیا گیا ہے۔

# دہلی: عمرہ سے لوٹ رہے زائرین کو مندر میں سر جھکانے پر کیا گیا مجبور

دارالحکومت دہلی کے جمنا بازار علاقے سے ایک چونکا دینے والا واقعہ سامنے آیا ہے، جہاں عمرہ سے لوٹنے والے مسلمانوں کے ایک گروپ کو ہنومان مندر کے قریب ایک ہندوتوا گروپ کے ذریعے مبینہ طور پر ہراساں اور ذلیل کیا گیا۔ یہ پریشان کن واقعہ ۷ ستمبر کو ویڈیو میں قید ہوا، جو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق، حجاج - جن کی داڑھیاں اور ٹوپیاں ان کی پہچان تھیں - دہلی سے اپنے آبائی شہر سہارنپور کے لیے ایک منی بس میں سفر کررہے تھے اور کھانا کھانے کے لیے مندر کے قریب رکے تھے۔ اسی موقع پر مقامی نوجوانوں کے ایک گروپ نے، جو مبینہ طور پر ایک ہندو شدت پسند تنظیم سے وابستہ ہیں، ان کے ساتھ گالم گلوچ کی، زبردستی ان کی ٹوپیاں اتاریں اور انہیں مندر کے احاطے کے اندر گھسیٹا، اور سر جھکانے پر مجبور کیا۔ ویڈیو میں، ملزم میں سے ایک، جس کی شناخت سدھارتھ شرما کے طور پر ہوئی ہے، شراب کے نشے میں دھت نظر آرہا ہے، اور دعویٰ کررہا ہے کہ مسافروں میں سے



کچھ نے سڑک کے کنارے پیشاب کیا تھا، جس نے تنازع کو جنم دیا۔ اسے بس ڈرائیور کو یہ کہتے ہوئے دھمکی دیتے ہوئے بھی سنا جاسکتا ہے، ''یہ ہمارا مندر ہے۔ میں یہاں اپنا سر جھکاتا ہوں، اور اب میں ان سے بھی یہی کرواؤں گا۔'' ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ گروپ ''جے شری رام کے نعرے لگاتے ہوئے مسلمان مسافروں کو مندر میں زبردستی گھسیٹ رہا ہے۔ مکتوب میڈیا سے بات کرتے ہوئے، ڈی سی پی نارتھ ڈسٹرکٹ دہلی، راجہ بانتھیا نے واقعہ کی تصدیق کی اور کہا، ''کل متاثرین کی جانب سے ایک شکایت درج کرائی گئی تھی۔ ہم نے ابھی تک کوئی ایف آئی آر درج نہیں کی ہے۔'' تاہم، انہوں نے کہا کہ شکایت کنندہ کے مطابق، یہ واقعہ ۲۲ اگست کو پیش آیا تھا اور کل ہی سوشل میڈیا پر یہ ویڈیو وائرل ہوئی ہے۔ ملزم سدھارتھ شرما کی مبینہ طور ملوث ہونے کے بارے میں پوچھے جانے پر، انہوں نے کہا، ''ہم نے ویڈیو کی تصدیق کرلی ہے، شناخت کے بعد تفتیش کے لیے اس شخص کو بلایا جائے گا۔'' اس واقع میں بس ڈرائیور کو بھی گالیوں کا نشانہ بنایا گیا۔

# نیپال میں پھنسے مہاراشٹر کے سیاحوں کو بحفاظت واپس لانا اولین ترجیح: اجیت پوار

## بیڑ ضلع کے سیاحوں کی محفوظ واپسی





ممبئی: (تعمیر نیوز) نیپال میں جاری سیاسی کشدگی اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والے تناؤ کے پس منظر میں وہاں پھنسے ہوئے مہاراشٹر کے سیاحوں کو بحفاظت واپس لانے کے لیے ریاستی حکومت جنگی پیمانے پر اقدامات کر رہی ہے۔ وزارتِ خارجہ اور مہاراشٹر سدھن کے ذریعے ریاستی حکومت نیپال میں بھارتی سفارتخانے کے مسلسل رابطے میں ہے اور وہاں موجود سیاحوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ ہر ایک سیاح کو محفوظ طریقے سے گھروں تک پہنچانا اور ان کے اہلِ خانہ کو اطمینان دلانا ہی حکومت کی سب سے بڑی ترجیح ہے، اس لیے مہاراشٹر کے سیاحوں کو گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے، ایسا اپیل نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار نے کیا ہے۔ اب تک موصولہ اطلاعات کے مطابق، ریاست کے تھانے، پونے، ممبئی، لاتور اور کولہاپور اضلاع کے تقریباً 100 سیاح نیپال میں پھنسے ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ بیڑ ضلع سے گئے کچھ سیاح نجی گاڑیوں کے ذریعے سڑک کے راستے واپس روانہ ہوچکے ہیں اور وہ اتر پردیش کے گورکھپور تک پہنچ گئے ہیں۔ سب سے زیادہ سیاح تھانے ضلع کے مُرباڈ علاقے سے ہیں۔ ریاستی حکومت ان تمام پھنسے ہوئے سیاحوں کو ضروری سہولیات فراہم کرنے کے لیے پوری طرح سرگرم ہے اور ان سے مسلسل رابطے میں ہے۔ تمام سیاح محفوظ ہیں، یہ اطلاع بھی نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار نے دی ہے۔

# مصیبت کے وقت ایک دوسرے کے کام آنا ہی اصل دین اسلام ہے: شاہی امام پنجاب



نئی دہلی/لدھیانہ 10 ستمبر: آج لدھیانہ کی تاریخی جامع مسجد میں سابق شاہی امام مولانا حبیب الرحمن ثانی لدھیانوی کی چوتھی برسی (یومِ وفات) کے موقع پر احرار فاؤنڈیشن لدھیانہ کی جانب سے پنجاب کے مختلف سیلاب سے متاثرہ خاندانوں میں 50 لاکھ روپے کے چیک تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے شاہی امام مولانا محمد عثمان رحمانی لدھیانوی نے کہا کہ ملک اور معاشرے کی خدمت کی تعلیم انہیں اپنے والد مرحوم سابق شاہی امام مولانا حبیب الرحمن سے وراثت میں ملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج جب پنجاب میں سیلاب کی وجہ سے کئی خاندان متاثر ہوئے، تو لدھیانہ کی جامع مسجد کے اعلان کے بعد ملک بھر کی مسلم کمیونٹی نے محبت و بھائی چارے کا مظاہرہ کرتے ہوئے دل کھول کر تعاون کیا۔ مصیبت کے وقت اتحاد کا ثبوت دینے پر میں سبھی لوگوں کا ہمیشہ مشکور رہوں گا۔ شاہی امام مولانا عثمان لدھیانوی نے کہا کہ جامع مسجد لدھیانہ کے ادارہ احرار فاؤنڈیشن نے سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کے لیے راشن کے علاوہ مدد کا ہاتھ بڑھایا ہے، جن کے مکانات اس میں بری طرح تباہ ہوئے ہیں۔ شاہی امام نے کہا کہ اس خدمت میں تمام مذاہب کے لوگوں کو شامل کیا گیا ہے کیونکہ مشکل وقت میں اپنے پڑوسی کے ساتھ دکھ بانٹنا ہی اصل دین اسلام ہے۔ شاہی امام مولانا عثمان لدھیانوی نے کہا کہ پنجاب کے عوام نے دنیا بھر میں مشکل وقت میں ہمیشہ ہر مذہب کا ساتھ دیا ہے۔ مختلف برادریوں کے لوگ جو آج پنجاب پہنچ رہے ہیں وہ پنجابیوں کے خدمت خلق اور قربانیوں کا نتیجہ ہے۔ مصیبت کے وقت ایک دوسرے کے کام آنا ہی اصل دین اسلام ہے: شاہی امام پنجاب اپنی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج ہم متاثرہ خاندانوں کو مالی امداد نہیں دے رہے بلکہ ان سے اپنی محبت کا اظہار کررہے ہیں۔ قابل ذکر ہے کہ احرار فاؤنڈیشن ہندوستان کی جدوجہد آزادی میں انگریزوں کے خلاف ایک مشہور مسلم پارٹی مجلس احرار اسلام ہند کی ایک سماجی خدمت کی تنظیم ہے جو کہ لدھیانہ کی جامع مسجد سے چلائی جاتی ہے، جس کے ڈائریکٹر شاہی امام مولانا محمد عثمان رحمانی لدھیانوی ہیں۔

# آئین مخالف پبلک سیکوریٹی قانون 2024 منسوخ کرو، انڈیا اتحاد کا ریاست بھر میں احتجاج

ممبئی: ریاست کی مہایوتی حکومت نے شہری نکسلزم کے خاتمے کے نام پر جو پبلک سیکوریٹی قانون نافذ کیا ہے، وہ عوامی آواز دبانے والا اور آئین مخالف قانون ہے۔ اس ظالمانہ قانون کے خلاف انڈیا اتحاد نے آج مہاراشٹر بھر میں احتجاجی مظاہرے کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ یہ ناانصافی پر مبنی قانون فوری طور پر واپس لیا جائے۔ اس احتجاج میں کانگریس، نیشنلسٹ کانگریس (شرد پوار)، شیو سینا (ادھو بالاصاحب ٹھاکرے)، مارکسی کمیونسٹ پارٹی، بھارتیہ کمیونسٹ پارٹی، شیتکری سنگھٹنا پارٹی سمیت ہم خیال پارٹیوں اور سماجی تنظیموں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ممبئی کے شیواجی پارک میں چھترپتی شیواجی مہاراج کے مجسمے کے قریب مہا وکاس اگھاڑی اور بائیں بازو کی جماعتوں کی جانب سے احتجاج کیا گیا، جس میں ایم ایل اے ڈاکٹر جیوتی گائیکواڑ، کمیونسٹ لیڈر پرکاش ریڈی، پردیش نائب صدر راجن بھوسلے، راجیش شرما اور دھننجے شندے کے ساتھ انڈیا اتحاد کے متعدد عہدیدار اور کارکنان بڑی تعداد میں شریک ہوئے۔ کولہاپور میں کانگریس لیجسلیٹیو کونسل کے گروپ لیڈر ستیج پاٹل کی قیادت میں مظاہرہ ہوا۔ ناگپور میں ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی کی جانب سے ویرائٹی چوک پر گاندھی کے مجسمے کے پاس رکن اسمبلی وکاس ٹھاکرے کی قیادت میں احتجاج کیا گیا، جہاں پردیش نائب صدر رکن اسمبلی ابھجیت ونجاری، وشال متتموار اور دیگر کانگریس رہنما و کارکن موجود تھے۔ چھترپتی سنبھاجی نگر شہر و ضلع کانگریس کمیٹی اور مہا وکاس اگھاڑی کے تحت منعقدہ احتجاج میں






رکن پارلیمنٹ کلیان کالے، ضلع صدر کیرن پاٹل، شہر و ضلع کمیٹی کے صدر شیخ یوسف اور انڈیا اتحاد کے دیگر نمائندے شریک ہوئے۔ بلڈھانہ، جالنا، امراوتی، ناندیڑ، چندرپور، پال گھر، رتناگیری، دھاراشیو، سولاپور، لاتور، تھانے، جلگاؤں، اکولہ، واشیم، ناسک اور دھولیہ سمیت ریاست کے تمام اضلاع اور تعلقہ ہیڈکوارٹرز پر مہا وکاس اگھاڑی کی اتحادی جماعتوں، بائیں بازو کے رہنماؤں اور سماجی تنظیموں کے نمائندوں نے مل کر اس سیاہ قانون کے خلاف زبردست احتجاج کیا۔

# جمعیۃ علمائے ہند کی جانب سے پیدائش سرٹیفکیٹ سے متعلق شکایت کو امر سنگھ پنڈت نے سنجیدگی سے لیا، پولیس افسران کو بلا کر کی سخت سرزنش





گیورائی (قاضی امان): پیدائش سرٹیفکیٹ کے معاملے میں پولیس کسی بھی بہانے سے عام عوام کو بلاوجہ پریشان کررہی ہے، ایسی متعدد شکایات میرے پاس پہنچی ہیں۔ پیدائش سرٹیفکیٹ سے جڑی غلطیوں کی جانچ کرنا یہ پولیس کا نہیں بلکہ تحصیل دفتر کا کام ہے۔ لہٰذا پولیس کو اس میں مداخلت کرکے میرے گیورائی اسمبلی حلقے کی عوام کو ستانا نہیں چاہیے۔ یہ سخت ہدایات نیشنلسٹ کانگریس پارٹی کے پردیش جنرل سکریٹری اور سابق رکن اسمبلی امر سنگھ پنڈت نے پولیس کو دیں۔ اس ضمن میں جمعیۃ علمائے ہند (مولانا محمود مدنی گروپ) کے ایک وفد نے ان سے ملاقات کی۔ اس دوران امر سنگھ پندت نے متعلقہ پولیس افسران کو بلا کر یہ واضح ہدایات دیں۔ قانونی کارروائی مکمل کرنے کے باوجود عام شہریوں کو پیدائش سرٹیفکیٹ کے معاملے میں ناحق ستایا جا رہا ہے۔ جبکہ اس موضوع کی جانچ کا کوئی اختیار پولیس کو نہیں ہے، پھر بھی پولیس متعلقہ شہریوں کو تھانے میں بلا کر ہراساں کرتی ہے۔ پیدائش سرٹیفکیٹ کے لیے قانونی طور پر درخواست دیکر سرٹیفکیٹ حاصل کرنے والے 1134 شہریوں کو مجرم ٹھہرانے اور ان کا استحصال کرنے کا قابلِ مذمت طریقہ پولیس نے اختیار کیا ہے۔ یہ واقعہ صرف پولیس کی من مانی ہی نہیں بلکہ عام شہریوں کے بنیادی حقوق پر براہِ راست حملہ ہے، ایسی سنگین شکایت جمعیۃ علمائے ہند (مولانا محمود مدنی گروپ) کے صدر مفتی عبد الواسے دھورج کی قیادت میں آئے ہوئے وفد نے سابق رکن اسمبلی امر سنگھ پندت سے کی۔ امر سنگھ پندت نے اس شکایت کو سنجیدگی سے لیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم اور ہمارے مسلم بھائی صدیوں سے آپسی بھائی چارے کے ساتھ زندگی گزار رہے ہیں۔ ان کی کئی نسلیں یہیں دفن ہیں۔ پیدائش سرٹیفکیٹ میں غلطیوں کی جانچ کرنا تحصیل دفتر کا کام ہے، پولیس کا نہیں۔ لہٰذا میرے گیورائی حلقے کے شہریوں کو پولیس کسی بھی بہانے سے پریشان نہ کرے۔ اس سلسلے میں پندت نے پولیس افسران کو سخت سرزنش کی اور یہ واضح انتباہ دیا کہ اگر اس طرح کی شکایت دوبارہ میرے پاس آئی تو میں ہرگز برداشت نہیں کروں گا۔ وفد میں شامل تھے: جمعیۃ علمائے ہند (مولانا محمود مدنی گروپ) گیورائی تعلقہ کے صدر عبدالواسے دھورج، صحافی ایوب باغوان، سید عبدالحسیب، سینئر سماجی کارکن سید عبدالقدوس، جمعیۃ کے نائب صدر مولانا سید مفضل، جنرل سکریٹری سید عادل، سکریٹری حافظ ابوطالب، توفیق عطار، سراج انجینئر، قانونی مشیر ایڈوکیٹ طیب پٹھان، حافظ مصدق قریشی وغیرہ۔

# پبلک سیکوریٹی بل کے خلاف سپریا سُولے کی قیادت میں مہا وکاس اگھاڑی کا احتجاج



پونے: پونے میں مہا وکاس اگھاڑی کی جانب سے پبلک سیکوریٹی بل کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ این سی پی شرد پوار کی صدر اور پارلیمنٹ کی رکن سپریا سُولے نے بھارت رتن ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے اس احتجاج میں حصہ لیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے پیش کیا گیا پبلک سیکوریٹی بل آئین کے منافی ہے۔ جب کہ حکومت نکسلواد کے خاتمے کا دعویٰ خود کررہی ہے اور اس کے خلاف پہلے سے ہی قوانین موجود ہیں، تو پھر نئے قانون کی ضرورت ہی کیا ہے؟ لہٰذا حکومت کو یہ بل واپس لینا چاہیے۔ اس احتجاج میں مہا وکاس اگھاڑی کے متعدد عہدیداران اور کارکنان شریک تھے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سپریا سُولے نے کہا کہ جب اسمبلی میں یہ بل پیش کیا گیا تھا، اس وقت کانگریس، نیشنلسٹ کانگریس (شرد چندر پوار) اور شیو سینا (ادھو بالاصاحب ٹھاکرے) نے مل کر اس کی مخالفت کی تھی۔ آج بھی اس پر اعتراض وہی ہے کہ حکومت بار بار یہ کہتی ہے کہ ملک سے نکسلواد ختم ہو چکا ہے، تو پھر موجودہ قوانین کے ہوتے ہوئے نئے قانون کی کیا ضرورت ہے؟ انہوں نے مزید کہا کہ یہ فیصلہ دراصل آئین کی روح کے خلاف ہے اور ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے یہ ملک کسی کی مرضی پر نہیں بلکہ صرف بابا صاحب امبیڈکر کے آئین پر چلنے والا ہے۔ اسی وجہ سے مہا وکاس اگھاڑی نہ صرف سیاسی طور پر بلکہ ذمہ دار شہری کی حیثیت سے بھی اس بل کی مخالفت کر رہی ہے۔ ہماری پرزور اپیل ہے کہ حکومت یہ بل واپس لے۔ جب ان سے نائب صدر کے انتخاب کے حوالے سے سوال پوچھا گیا تو سپریا سُولے نے کہا کہ خفیہ رائے دہی میں یہ کیسے معلوم ہوسکتا ہے کہ کس پارٹی نے کراس ووٹنگ کی ہے؟ وائی ایس آر کانگریس پارٹی انڈیا اتحاد میں شامل ہی نہیں ہے۔ پھر یہ کیسے کہا جاسکتا ہے کہ کس نے ووٹ توڑا؟ اگر ایسے الزامات لگائے جا رہے ہیں تو اس کا مطلب یہی ہے کہ راہل گاندھی جو کہتے ہیں وہ سچ ہے کہ ووٹوں کی چوری ہوئی ہے۔

# مائنڈز اِن موشن فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام مراٹھواڑہ سطحی سائنس فیئر 2025 کے انعقاد کا اعلان

اورنگ آباد (نامہ نگار): مائنڈز اِن موشن فاؤنڈیشن کے زیرِ اہتمام مراٹھواڑہ لیول سائنس فیئر 2025 کا انعقاد عمل میں آرہا ہے۔ یہ سائنس فیئر ایک ممتاز علمی و تحقیقی پلیٹ فارم ہے جس کا مقصد مراٹھواڑہ کے طلباء میں سائنسی ذوق، تخلیقی صلاحیت اور تحقیقی رجحان کو فروغ دینا ہے۔ اس سائنس فیئر میں مراٹھواڑہ بھر کے اسکولوں اور جونیئر کالجوں کے طلباء کو مدعو کیا گیا ہے تاکہ وہ اپنے سائنسی ماڈلز اور تحقیقی منصوبے ماہر ججوں، اساتذہ اور علمی رہنماؤں کے سامنے پیش کریں۔ اس موقع پر مختلف ورکشاپس اور سیمینارز کا بھی انعقاد کیا جائے گا جن میں طلباء کو اپنے پروجیکٹس کی تیاری اور پیشکش کے لئے رہنمائی فراہم کی جائے گی، جبکہ نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلباء کو انعامات، اسناد اور یادگاری شیلڈز سے نوازا جائے گا۔ اس موقع کے لئے ایک باوقار سائنس فیئر کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جس میں سرپرستِ اعلیٰ کی حیثیت سے جناب سرتاج شاکر صاحب (سابق ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر، ضلع پریشد، اورنگ آباد)، محترمہ خواجہ کوثر حیات صاحبہ اور ڈاکٹر عمران احمد صاحب چیف کوآرڈینیٹر کے طور پر شامل ہیں۔ اسی طرح محمد عرفان خان سوداگر صاحب اور جناب جمیل احمد صاحب ورکنگ سکریٹریز کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے ہیں۔ مزید برآں محترمہ خان ثروت انجم، محترمہ سیدہ روبینہ قادری، ڈاکٹر صبور خان، ڈاکٹر عبدالجلیل صاحب، ڈاکٹر احمد الشہاب، ڈاکٹر یاسر صدیقی اور جناب محمد فہیم صاحب بھی کمیٹی کے فعال اراکین میں شامل ہیں جو اپنی رہنمائی اور تجربے سے اس تقریب کو کامیاب بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ سائنس فیئر کے لئے چند اہم تاریخیں بھی مقرر کی گئی ہیں: رجسٹریشن کی آخری تاریخ 20 ستمبر 2025 ہے۔ طلباء اپنا Hypothesis مفروضہ 30 ستمبر تک اپرووڈ کرواسکتے ہیں۔ (اس دورانیے میں آفس مائنڈز اِن موشن پر ماہرین رہنمائی کے لئے موجود رہیں گے۔) پروجیکٹس پر نظر ثانی کی آخری تاریخ 10 نومبر 2025 طے کی گئی ہے اور فائنل پروجیکٹس جمع کرانے کی آخری تاریخ 8 دسمبر 2025 متعین ہے، جبکہ فائنل سائنس فیئر کا انعقاد 16 اور 17 دسمبر 2025 کو ایجوکیشن ایکسپو 2025 کے دوران کیا جائے گا۔ مراٹھواڑہ لیول سائنس فیئر 2025 نہ صرف ایک مقابلہ ہے بلکہ ایک تحریک ہے جس کے ذریعے نئی نسل کو مستقبل کی علمی و تحقیقی چیلنجز کے لئے تیار کیا جائے گا اور سائنسی فکر کو معاشرے میں عام کیا جائے گا۔ مزید تفصیلات کے لئے 9975099200 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

